© rasailojaraid.com



و تربیت کے فروغ ھی سے سلجھایا جا سکتا ہے۔ جس کے لئے ٹھوس اور صبر طلب لائحہ عمل کی ضرورت ہے۔

## اقبال نمبر

یہ بات ھمارے لئے اعزاز کا موجب ہے کہ ھم برصغیر کے مایہ ناز مسلم فرزند ڈاکٹر محمد اقبال پر ''فکر و نظر'' کا خاص نمبر شائع کر رہے ھیں۔ اس نمبر میں چند مضامین کے علاوہ، جن کا تعلق اقبال کے معروف انگریزی لیکچرز سے ہے، ان لوگوں کے انٹرویوز بھی ھیں جنھیں ڈاکٹر موصوف سے ملنے کا شرف حاصل رہا ہے۔ اس نمبر کی ضخامت بڑھ جانے کی وجہ سے ھم انٹرویوز کا دوسرا حصہ جنوری کے نمبر میں شائع کر رہے ھیں۔

© rasailojaraid.com